# شریعہ بورڈ رپورٹ

(برائے سال ۱۴۴۳ ھ بمطابق 2022 ء)

اللہ کے فضل و کرم سے، زیرِ نظر سال اسلامی بینکاری زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے آپریشن کا پانچواں سال ہے۔ شریعہ بورڈ کی اس رپورٹ کو پیش کرنے کا مطمع نظر زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کی اسلامی بینکاری اور اس کے معاملات کا شرعی جائزہ پیش کرنا ہے جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ شریعہ گورننس فریم ورک کی ہدایات کے مطابق ایک لازمی امر ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے جولائی 2017ء میں زرعی ترقیاتی بینک کو اسلامی بینکاری کی اصولی منظوری دی۔ اور تمام تر مطلوبہ شرائط پورا کرنے کے بعد اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اسلامی بینکاری کے لائسنس اور تجارت شروع کرنے کی اجازت دی، اور یوں زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ نے سال 2018ء میں اسلامک بینکنگ کے آپریشنز کا آغاز کیا۔

## نئی پروڈکٹس اور پالیسیاں / مینولز / ڈاکومنٹس / آیگریمنٹس کی منظوری اور جائزہ:

اسلامک بینکنگ ڈویژن کی طرف سے مختلف دستاویزات بشمول پالیسیاں / مینولز / معاہدات یا ان دستاویزات میں ترامیم شریعہ بورڈ کو شرعی جائزہ کے لئے پیش کی گئی، چنانچہ شریعہ بورڈ نے ان دستاویزات کا شرعی اعتبار سے مکمل جائزہ لینے کے بعد اس کی منظوری دی۔ شریعہ بورڈ کی طرف سے مندرجہ ذیل پالیسیوں / مینولز / دستاویزات / معاہدات کا جائزہ لیا گیا اور اس کی منظوری دیدی گئی۔

## پالیسیاں مینولز اور پروڈکٹس :

1. شریعہ کمپلائنس مینول (ترامیم)
2. اسلامک فنانسنگ کے طریقہ کار کے تحت سٹاف فنانسنگ پروڈکٹس
3. لائبیلٹی پروڈکٹ مینول (ترامیم)
4. متبادل قابلِ تجدید توانائی کے لئے زرعی اسلامک فنانسنگ
5. دودھ کی پروسیسنگ اور تحفظ کے لئے زرعی اسلامک فنانسنگ
6. فارم کے مشینائزیشن اور ایگریکلچر مشینری کے لئے زرعی اسلامک فنانسنگ
7. سوئل لیس ٹنل فارمنگ کے لئے زرعی اسلامک فنانسنگ

## معاہدات اور ڈاکومنٹس (دستاویزات):

1. نفع اور نقصان کے تقسیم کار کے لئے وقت کا تعین (ترامیم / تبدیلیاں)
2. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی فیسلٹی "شریعہ کمپلائنٹ اسٹینڈنگ سیلنگ فیسلٹی-مضاربۃ کی بنیاد پر فنانسنگ فیسلٹی" کی شریعہ اپروول
3. اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی فیسلٹی "مضاربۃ کی بنیاد پر شریعہ کمپلائنٹ اوپن مارکیٹ آپریشنز-انجکشنز" کی شریعہ اپروول

4. اسلامک بینکنگ ڈویژن کا سالانہ ٹریننگ پلان برائے سال 2022ء
5. چیئریٹی کی تقسیم کار پر رپورٹ کا جائزہ (31 دسمبر 2021 تک جمع شدہ)
6. انٹرنل شریعہ کمپلائنس ریویو پلان برائے سال 2022ء
7. البرکۃ صکوک کے پروفٹ کے اکروول کے لئے شریعہ اپروول
8. فنڈز کی پلیسمنٹ اور ایکسپٹنس کے لئے اسلامک بینکس / ونڈوز کے لسٹ کا شریعہ اپروول
9. زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے اسلامک بینکنگ ڈویژن کے چیئریٹبل انسٹیٹوشنز کے منظور شدہ لسٹ میں "کینسر کیئر ہسپتال اور ریسرچ سینٹر لاہور" کے اضافہ کا اپروول
10. فروری 2022ء کے مہینے کے پروفٹ ریٹس کے ڈیکلریشن کے لئے متعینہ میعاد میں توسیع کی شریعہ اپروول
11. آڈٹ ابزرویشن کے کمپلائنس کے پیریاڈک اسٹیٹس کا جائزہ
12. 31 دسمبر 2021ء تک غیر حل شدہ شرعی مسائل کی ششماہی اسٹیٹس رپورٹ کا جائزہ
13. آنے والے جی او پی اجارہ صکوک کی خریداری کے لئے شریعہ اپروول
14. اسلامک بینکنگ ڈویژن کے شریعہ کمپلائنٹ ایوینوز میں زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے حج فنڈز (اسٹاف کی سیلریز سے جمع شدہ) کی پلیسمنٹ کی شریعہ اپروول
15. شیڈول آف چارجز اور تصحیح شدہ شیڈول آف چارجز (جولائی – دسمبر) برائے سال 2022ء
16. شیڈول آف چارجز (جنوری – جون) برائے سال 2023ء
17. اسلامک فنانسنگ موڈولز آف سی بیس اسلامک (آئی ٹی سسٹم) اور فنانسنگ فارمز / ڈاکومنٹس
18. زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے اسلامک بینکنگ ڈویژن کے ایکسٹرنل شریعہ آڈٹ رپورٹ برائے سال 2021ء
19. مجوزہ اسلامک بینکنگ ونڈوز کے آپریشن سے متعلق شریعہ بورڈ کی رائے / سرٹیفیکیٹ (جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ریکوائرمنٹ ہے)
20. 2600 میلین روپے کے او بی ایس – اے جی پی صکوک ایشو کے لئے شریعہ اپروول – اثاثہ جات کے نکالنے کے لئے این او سی
21. اسلامک بینکنگ ونڈوز کی نیین سائن بورڈ اور اسٹینڈی ڈیزائن کی شریعہ اپروول
22. زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ کے اسلامک بینکنگ ڈویژن کا سالانہ ٹریننگ پلان برائے سال 2023ء
23. شریعہ بورڈ کا "پراسس فلو سمیت ڈی ایم کے سرکلر" کا جائزہ اور اپروول
24. "الکو ایجنڈا – اسلامک بینکنگ ڈویژن کا فنانسنگ پرائس (کا طریقہ کار)" سے متعلق شریعہ بورڈ کی رائے / شریعہ اپروول
25. تصحیح شدہ "ایم سی بی اسلامک انٹربینک مشارکہ ایکسپٹنس اور پلیسمنٹ ایگریمنٹس" کا شریعہ اپروول
26. ہمارے اپرووڈ ماسٹر مشارکہ ایکسپٹنس اور پلیسمنٹ ایگریمنٹس میں اے بی ایل اسلامک کی طرف سے کی گئی معمولی تبدیلیوں کا شریعہ اپروول
27. کنورژن پلان برائے سال 2023ء کا شریعہ اپروول
28. یو بی ایل امین کے ماسٹر مشارکہ ایکسپٹنس اور پلیسمنٹ ایگریمنٹس کا شریعہ اپروول

## صکوک کی منظوری

1. جی او پی اجارہ صکوک کی سرمایہ کاری
2. بینک اسلامی کے آنے والے ٹئیر 1 صکوک کی سرمایہ کاری کی شریعہ اپروول
3. جی او پی اجارہ صکوک کے آکشن میں شرکت

## شریعہ بورڈ کی میٹنگز:

دورانِ سال شریعہ بورڈ نے ریگولیٹری ضرورت کے مطابق چار مرتبہ اپنی میٹنگز کیں اور اس کے ساتھ ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ بھی میٹنگز کیں، شریعہ بورڈ نے بورڈ آف ڈائریکٹر کے ممبر کے ساتھ بھی مختلف میٹنگز کیں، جس (ممبر) کو بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اس بات کا مجاز بنایا ہے کہ وہ شریعہ بورڈ / مینجمنٹ کے ساتھ اُن تمام امور پر بات چیت کرے، جس سے بینک تمام پہلوؤں سے شریعہ کمپلائنٹ بن جائے، مذکورہ بالا میٹنگز کے علاوہ شریعہ بورڈ نے شریعت سے متعلق مسائل پر شعبہ اسلامک بینکنگ ڈویژن کی مسلسل نگرانی کی، اور اس حوالے سے ان کو رہنمائی فراہم کی۔

## شریعہ کمپلائنس اور شریعہ آڈٹ:

شریعہ کمپلائنس زرعی ترقیاتی بینک کے اسلامی بینکاری ڈویژن کی قوت رہا ہے۔ شریعہ کمپلائنس نظام مختلف سطحوں پر عمل پیرا ہوتا ہے، جیسا کہ شریعہ بورڈ سے پراڈکٹس کی منظوری، مخصوص قسم کے پراسس فلوز کی منظوری، معاملات کی عمومی نظر ثانی وغیرہ (ہر عملی اور تربیتی مرحلے میں شریعہ کمپلائنٹ نظام کی نگہداشت رکھی جاتی ہے)۔ شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ اور شریعہ آڈٹ یونٹ شریعہ بورڈ کی رہنمائی میں کام کرتے ہیں۔ شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے کل وقتی شریعہ بورڈ ممبر کے زیر نگرانی اسلامک بینکنگ کی برانچوں اور اسلامک بینکنگ ڈویژن کے متعلقہ ڈیپارٹمنٹس کا شریعہ کمپلائنس / کنٹرول ریویو کیا۔ شریعہ آڈٹ یونٹ نے بھی اسلامک بینکنگ کے برانچوں کا شریعہ آڈٹ کیا۔ علاوہ ازیں! شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ ہر ماہ نفع تقسیم ہونے سے پہلے، نفع کی تقسیم اور پول مینجمنٹ کا باقاعدگی سے جائزہ لیتی ہے۔ اور اسی طرح انٹرنل شریعہ آڈٹ یونٹ بھی سہ ماہی بنیادوں پر اس کا آڈٹ کرتی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شریعہ گورننس فریم ورک کے تحت تمام رپورٹس شریعہ بورڈ کو پیش کی جاتی ہے، تاکہ شریعہ بورڈ کی تجاویز / درستگی عمل کو حاصل کیا جاسکے۔ دورانِ جائزہ، کچھ ترامیم اور ضروری اصلاحات تجویز کی گئی جو شریعہ بورڈ نے منظور کئے۔ شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ نے شریعہ بورڈ کے فیصلوں کی تعمیل اور نفاذ کو یقینی بنایا۔

## ٹریننگ اور پیشہ ورانہ مہارت / صلاحیت کی تعمیر:

اسلامک بینکنگ ڈویژن کا ٹریننگ پلان برائے سال 2022ء شریعہ بورڈ سے منظور ہوا۔ اسلامک بینکنگ ڈویژن اور ٹریننگ اور ڈیویلپمنٹ ڈویژن نے شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے اسلامک بینکنگ ڈویژن اور اسلامک بینکنگ برانچز میں کام کرنے والے تمام اسٹاف کے لئے دو (2) ٹریننگ منعقد کروائے، اس کے علاوہ اسلامک بینکنگ ونڈوز کے اسٹاف کے لئے بھی دو (2) ٹریننگز منعقد کروائے۔ علاوہ ازیں! شریعہ کمپلائنس ریویو کے دوران ہر اسلامک بینکنگ برانچ میں گروپ ڈسکشن کا بھی اہتمام کیا گیا۔

شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کے سٹاف نے مختلف اسلامک بینکنگ برانچوں کا دورہ کیا، تاکہ برانچز میں تعینات سٹاف کی معلومات اور کسٹمر کے ساتھ اُن کے باہمی تعامل کے بارے میں جانکاری ہوسکے۔ یہ بات نوٹ کی گئی تھی کہ اسلامک بینکنگ اور شریعہ کمپلائنس کے حوالے سے برانچ کے زیادہ تر سٹاف کی معلومات تسلی بخش تھی۔ علاوہ ازیں، کسٹمر کے اطمینان کی پیمائش کے لئے سٹاف کا کسٹمر کے ساتھ باہمی تعامل کا مشاہدہ کیا گیا، جو کہ تسلی بخش تھا۔

## نتائج:

بینک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز اور اعلیٰ انتظامیہ کے فرائض منصبی میں یہ بات شامل ہے کہ وہ زرعی ترقیاتی بینک کے شعبہ اسلامی بینکاری کے معاملات کو ہمہ وقت شرعی اصولوں کے مطابق یقینی بنائے، تاہم اس سلسلہ میں بحیثیت شریعہ بورڈ ممبرز ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ ہم زرعی ترقیاتی بینک کے شعبہ اسلامی بینکاری کے مجموعی شریعہ کمپلائنس ماحول کے بارے میں رپورٹ دیں۔ ہماری اس رپورٹ کی بنیاد شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ اور شریعہ آڈٹ یونٹ کی رپورٹس ہیں۔ انٹرنل شریعہ آڈٹ اور انٹرنل شریعہ کمپلائنس ریویو کے تمام رپورٹس کو چیک کیا گیا / جائزہ لیا گیا۔

ان تمام صورتحال اور ہماری ذاتی علم کے بنیاد پر سال 2022ء کے بارے میں ہماری رائے یہ ہے کہ؛

1. زرعی ترقیاتی بینک کا شعبہ اسلامی بینکاری شرعی اصولوں اور قواعد وضوابط اور شریعہ بورڈ سے جاری کردہ احکامات، فیصلوں اور ہدایات کے موافق ہے۔
2. زرعی ترقیاتی بینک کا شعبہ اسلامی بینکاری نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ شرعی معاملات سے متعلقہ اصولوں، ہدایات اور احکامات کا مکمل نفاذ کیا ہے جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شریعہ ایڈوائزری کمیٹی کے فتاویٰ کے مطابق ہیں۔
3. زرعی ترقیاتی بینک کا شعبہ اسلامی بینکاری کے پاس شرعی نظام کو عملی میدان میں نافذ کرنے کے لئے ایک منظم اور مربوط نظام موجود ہے۔ یہ نظام انٹرنل شریعہ آڈٹ یونٹ، شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ، بینک کے اندر کل وقتی شریعہ بورڈ ممبر اور اسلامی بینکاری کے عملے کی ٹریننگ (جو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے شریعہ گورننس فریم ورک کے عین مطابق ہے) پر مشتمل ہے۔
4. زرعی ترقیاتی بینک کے شعبہ اسلامی بینکاری کے تحت شریعہ آڈٹ اور شریعہ کمپلائنس ریویو کی صورت میں ایک شفاف نظام موجود ہے جو اتنا فعال اور موثر ہے کہ اس کی بنیاد پر یہ یقین دہانی کرائی جاسکتی ہے کہ اگر کسی بھی ذریعہ یا طریقہ سے اسلامی بینکاری کے شعبہ میں ایسی آمدنی / منافع شامل ہو جائے جو شرعاً حلال نہیں، تو فوری طور پر ایسی آمدنی کو خیراتی فنڈ میں منتقل کیا جائے گا اور منظم طریقہ سے اس کے مصارف میں اُسے خرچ کیا جائے گا۔
5. نفع اور نقصان کی تقسیم اور پول مینجمنٹ کے حوالے سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جو ہدایات ہیں، زرعی ترقیاتی بینک کا اسلامک بینکنگ ڈویژن اُن تمام ہدایات پر عمل پیرا ہے۔
6. مجموعی طور پر بینک کے عملہ وانتظامیہ کا اسلامی بینکاری کی بنیادی معلومات اور اس کے متعلقہ حساسیت کے حوالے سے اگاہی کا درجہ قابل اطمینان ہے۔ یہ بات حوصلہ افزا ہے کہ بینک کے ٹریننگ کے شعبہ نے ہماری (شریعہ بورڈ کی) مشاورت سے اسلامک بینکنگ کے برانچوں میں تعینات تقریباً تمام عملے کو ٹریننگ دی۔
7. شریعہ بورڈ کو اپنی ذمہ داریاں موثر طریقے سے سرانجام دینے کے لئے مناسب وسائل کار فراہم کئے گئے ہیں۔

## 8. سفارشات:

شریعہ بورڈ نے سال 2023ء کے لئے کنورژن پلان منظور کیا ہے، اور یہی کنورژن پلان اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو بھی جمع کرایا گیا ہے، اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے سال 2023ء کے لئے 20 برانچوں کی اسلامک بینکنگ میں کنورژن (تبدیلی) کی منظوری دی ہے، اس لئے شریعہ بورڈ اس بات کی سفارش کرتا ہے کہ کنورژن (تبدیلی)

کے عمل کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے دیئے گئے مقررہ مدت میں مکمل کر لیا جائے۔ مزید بر آں یہ کہ اس بات کی بھی سفارش کی جاتی ہے کہ اسلامک بینکنگ کے نیٹ ورک کو بڑھانے کے لئے ہر سال کنورژن (تبدیلی) کے عمل کو بروئے کار لانا چاہئے۔

اور آخر میں ہم اللہ تعالی سے دعا گو ہے کہ وہ ہمیں دو جہانوں میں کامیابی سے نوازے، اور قدم قدم پر ہماری مدد فرمائے اور ہمیں مشکلات اور رکاوٹوں سے اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ اور زرعی ترقیاتی بینک کے شعبہ اسلامی بینکاری کو مالیاتی ترقی سے ہمکنار فرمائے۔

آمین